| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف ’ن‘ | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف ’ن‘ کا درست تلفظ پہچان سکیں۔<br>درست ساخت /بناوٹ سے حرف ’ن‘ لکھ سکیں۔<br>حرف ’ن‘ سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔<br>حرف ’ن‘ کی آدھی شکل‘ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو حروف تہجی اردو کے نظم سنائی جائے گی۔ ’ا سے لے کر ’م‘ تک حروف کا تلفظ اور صوتی آواز کی دہرائی کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف ن کا تلفظ، صوتی آواز، آدھی شکل اور ’ن‘ سے شروع ہونے والی اشیاء کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>معلّمہ ہاتھ میں حرف ’ن‘ کا Puppet Stick Card لے کر کمرہ جماعت میں داخل ہوگی بچوں کو السلام وعلیکم کہہ کر حرف ’ن‘ متعارف کروائے گی میں حرف ’ن‘ ہوں۔ دوسرے حروف کے ساتھ ملنے سے میری بناوٹ تبدیل ہوجاتی ہے۔ اور حرف ’ن‘ کی آدھی شکل ’ن‘ کو Puppet Stick Card کے ذریعے دکھایا جائے گا۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ ’ن‘ حروف تہجی کا تیتسواں حرف ہے۔ اس کی صوتی آواز بتائی جائے گی۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف ’ن‘ درست تلفظ سے بولنا سیکھیں گے۔ حرف ’ن‘ کے ذخیرہ الفاظ ناک، ناخن، نیلا، نل، ناشپاتی، ناشتہ، ناریل اور نشانہ کے بارے میں جانیں گے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ ’ن‘ میں ایک نقطہ ہوتا ہے۔ تختہ سفید سیاہ پر ایک لکیر کھینچی جائے گی جس پر حرف ’ن‘ کی پوری اور آدھی شکل لکھنے کا طریقہ بتایا جائے گا بچوں کو بتایا جائے گا کہ ’ن‘ کی شکل آدھے دائرے کی طرح ہے۔ یہ لکیر کے اوپر سے شروع ہوتا ہے۔ اور نیچے جا کر واپس اوپر آتا ہے۔ بچوں کو باری باری بلا کر ’ن‘ لکھنے کی مشق کروائی جائے گی۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو کتاب صفحہ نمبر 70 کھولنے کو کہا جائے گا۔ حرف ’ن‘ پر انگلی پھیرنے اور آدھی شکل پر پینسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔ حرف ’ن‘ سے شروع ہونے والے الفاظ بتائے جائیں گے اور آواز کی بار بار دہرائی کروائی جائے گی۔ مثال کے طور پر ن نل، ن ناخن وغیرہ۔ بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی جس میں ’ن‘ پر مختلف رنگوں کے ساتھ انگلی سے نقطے بنانے کو کہا جائے گا۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 70<br>ورک شیٹ | |
| | **اختتامیہ:** بچوں کو حرف ’ن‘ کی پوری اور آدھی شکل کی دہرائی کروائی جائے گی اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ن' | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'ن' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔<br>درست ساخت /بناوٹ سے حرف 'ن' لکھ سکیں۔<br>حرف 'ن' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔<br>حرف 'ن' کی آدھی شکل 'ن' پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو حروف تہجی اردو کے نظم سنائی جائے گی بچوں کو 'ن' کی پوری اور آدھی شکل کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ ،صوتی آواز اور نقطے پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو 'ن' کے ذخیرہ الفاظ کی فلیش کارڈ/ پی پی ٹی کے ذریعے دہرائی کروائی جائے گی۔ بچوں کو نل کا فلیش کارڈ دکھا کر بتایا جائے گا کہ یہ نل ہے۔اس سے پانی آتا ہے اگر ہم پانی استعمال کرنے کے بعد 'نل' کو بند کرنا بھول جائیں تو پانی ضائع ہوجاتا ہے۔بچوں کو بتایا جائے گا کہ نل کی ابتدائی آواز 'ن' کی ہے۔بچوں سے ہوا میں یا جلد پر انگلیوں کی مدد سے حرف 'ن' کی پوری اور آدھی شکل بنوایئے۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>کمرہ جماعت میں حرف 'ن' کی تصاویر پھیلا دیں۔بچوں کے سامنے ایک ڈبہ رکھ دیں۔جس پر 'ن' لکھا ہو۔بچوں سے کہیے کہ ڈبے میں حرف 'ن' سے شروع ہونے والی اشیاء کمرہ جماعت میں سے ڈھونڈ کر ڈالیں ڈالنے سے پہلے چیز کا نام اور ابتدائی آواز بتائیں۔تصاویر میں کچھ دوسرے حروف کی تصاویر بھی شامل ہونی چاہیے۔<br>بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی جس میں ن کی آدھی شکل کے گرد رنگ والی پینسل سے دائرہ بنانے اور پوری شکل پر پینسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔<br>**اختتامیہ:**<br>تختہ سیاہ سفید پر لکیر کھینچ کر 'ن' کی پوری شکل لکھنے کی مشق کروائی جائے گی۔بچوں کو نیلے رنگ کی اشیاء لانے کو کہا جائے گا۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ<br>ڈبہ،ن کی اشیاء اور تصاویر فلیش کارڈ<br>ورک شیٹ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف ن کا تلفظ ،صوتی آواز ،آدھی شکل اور 'ن' سے شروع ہونے والی اشیاء کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ن' | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'ن' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔<br>درست ساخت /بناوٹ سے حرف 'ن' لکھ سکیں۔<br>حرف 'ن' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔<br>حرف 'ن' کی آدھی شکل 'ن' پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ن' کی پوری اور آدھی شکل فلیش کارڈ کے ذریعے دکھا کر اس کا نام اور آواز کی دہرائی کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف ن کا تلفظ ،صوتی آواز ،آدھی شکل اور 'ن' سے شروع ہونے والی اشیاء کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم نیلے رنگ کے بارے میں بات کریں گے۔ بچوں کو چھتری کا فلیش کارڈ دکھا کر بتایا جائے کہ یہ چھتری ہے اس کا رنگ نیلا ہے۔ پوسٹر پینٹ میں سے نیلا رنگ نکال کر دکھایا جائے گا۔ نیلے رنگ کی پینسل ،کاپی ،ٹوپی وغیرہ دکھا کر ان کا رنگ بتایا جائے گا بچوں کو بتایا جائے گا کہ نیلا کی ابتدائی آواز 'ن' کی ہے۔ بچوں سے کہیے کہ وہ آپ کی نقل کرتے ہوئے انگلیوں کی مدد سے ہوا میں ن بنائیں۔ اور یہ عمل تین سے چار بار دہرائیں۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو سادہ کاغذ اور نیلا پینٹ دے کر برش کی مدد سے کاغذ پر حرف 'ن' لکھنے کو کہا جائے گا۔ بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی جس میں سے ن سے شروع ہونے والی اشیاء کے گرد دائرہ بنانے اور 'ن' کی آدھی شکل پر پینسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔ | 20 منٹ | نیلا پینٹ برش | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے ناخن، ناک اور نل کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | ورک شیٹ | |
| | **گھر کا کام:**<br>کاپی میں چسپاں ورک شیٹ میں حرف 'ن' کی آدھی شکل کے گرد دائرہ بنائیے اور 'ن' کی پوری اور آدھی شکل پینسل پھیریے۔ | | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ن' | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حرف 'ن' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔<br>درست ساخت /بناوٹ سے حرف 'ن' لکھ سکیں۔<br>حرف 'ن' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔<br>حرف 'ن' کی آدھی شکل 'ن' پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ن' کی پوری اور آدھی شکل دکھائی جائے گی اِس کا تلفظ اور آواز کی دہرائی کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف ن کا تلفظ، صوتی آواز، آدھی شکل اور 'ن' سے شروع ہونے والی اشیاء کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف 'ن' کے مزید الفاظ جانیں گے۔ بچوں کو فلیش کارڈ کے ذریعے ناشپاتی، ناشتہ، ناریل اور نشانہ کی تصاویر دکھائی جائیں گی ان کے نام بتائے جائیں گے بچوں سے ان الفاظ کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی تختہ سیاہ سفید پر بڑا حرف 'ن' لکھ کر آواز کا حرف سے تعلق بتایا جائے گا کہ یہ وہ حرف ہے جس کی آواز ان الفاظ کے شروع ہونے آ رہی تھی۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو پلے ڈو دی جائے گی اُن کو کہا جائے گا کہ وہ پلے ڈو کی مدد سے حرف 'ن' کی پوری اور آدھی شکل بنائیں۔ بچوں کو کتاب صفحہ نمبر 71 کھولنے کو کہا جائے گا دی گئی تصاویر کے نام پوچھے جائیں گے۔ بچوں سے پوچھا جائے گا کہ آپ کون سا حرف لکھنا سیکھ رہے ہیں بتایئے۔ بچوں کو کہا جائے گا کہ 'ن' کو اس سے شروع ہونے والے الفاظ سے ملایئے۔ نیچے دی گئی حرف 'ن' کی پوری اور آدھی شکل پر درست بناوٹ کے ساتھ پینسل پھیرنے اور لکھنے کو کہا جائے گا۔ | 20 منٹ | پلے ڈو<br>کتاب صفحہ نمبر 71 | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے ناشتہ، ناشپاتی اور نشانہ کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ن' | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'ن' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔<br>درست ساخت / بناوٹ سے حرف 'ن' لکھ سکیں۔<br>حرف 'ن' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔<br>حرف 'ن' کی آدھی شکل 'ن' پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو'ن' کے تمام فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ، صوتی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم دو جسمانی اعضاء کے بارے میں بات کریں۔ بچوں کو ناک اور ناخن کا فلیش کارڈ دکھا کر ان کے نام بتائے جائیں گے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ ناک ہمیں سونگھنے میں مدد دیتا ہے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ ناخنوں کی صفائی نہ کرنے سے ہم بیمار ہوسکتے ہیں۔ اس لیے ہمیں انھیں وقت پر کاٹنا چاہیے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ ناخن اور ناک کی ابتدائی آواز 'ن' کی ہے۔ بچوں کو Sand Tray دے کر حرف 'ن' کی درست بناوٹ کے ساتھ مشق کروائی جائے گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کاپی میں حرف 'ن' کی پوری اور آدھی شکل لکھنے کو کہا جائے گا ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی تاکہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام مکمل کر سکے۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے 'ن' کی صوتی آواز اور اِس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی میں حرف 'ن' کی پوری اور آدھی شکل لکھیں۔ | 3 منٹ<br>5 منٹ<br>30 منٹ<br>2 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ<br>Sand Tray<br>کاپی ورک | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف ن کا تلفظ، صوتی آواز، آدھی شکل اور 'ن' سے شروع ہونے والی اشیاء کی نشاندہی کرنے پر۔ |